نمبر ۱۹ — جلد ۴۱

گزٹ ریاست رامپور

RAMPUR STATE GAZET T.

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم

مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۳ ذی الحجہ سنہ ۱۳۴۷ھ مطابق ۱۳ مئی سنہ ۱۹۲۹ عیسوی

فہرست مضامین

نمبر شمار	خلاصۂ مضمون	نمبر صفحہ
۱	اضافہ تنخواہ منشی عبد القیوم و منشی برجباسی لال	۱
۲	اجرائے صیغہ [illegible]	۱ و ۲
۳	عطائے عہدہ چیف منسٹری [illegible] صاحب جنیر ریونیو سکریٹری بہادر	۲
۴	اضافہ رسالداران [illegible]	۲
۵	[illegible] رسالدار [illegible]	۲
۶	[illegible]	۲ و ۳
۷	رخصت [illegible]	۳
۸	[illegible]	۳
۹	احکام اجلاس [illegible] سکریٹری بہادر [illegible]	۳
۱۰	اضافہ [illegible]	۳
۱۱	رخصت غلام [illegible] خان	۳
۱۲	[illegible]	ضمیمہ

حکم اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

اضافہ

۳۰ اپریل سنہ ۱۹۲۹ء

مثل رپورٹ صاحب جنیر ریونیو سکریٹری بہادر دربارہ پانچ پانچ روپیہ اضافہ تنخواہ عبد القیوم ریکارڈ کیپر و برجباسی لال نائب بصلہ انجام دہی کام آمدہ متعلقہ ناصر علیخان مستعفی اہلمد برخاست شدہ جسکو ... تنخواہ اور پانچروپے الاؤنس سکریٹریٹ سے ملتا تھا۔

حکم

حسب استدعائے صاحب جنیر ریونیو سکریٹری بہادر برجباسی لال نائب اور عبد القیوم ریکارڈ کیپر کی موجودہ تنخواہوں میں بجٹ سکریٹریٹ سے پانچ پانچ روپیہ ماہوار اضافہ منظور ہے۔ کاغذات بغرض اجرائے احکام واپس ہوں۔

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

حکم اجلاس صاحب جنیر ریونیو سکریٹری بہادر

بغرض اجرائے احکام صدر کو مرسل ہو۔ ۴ مئی سنہ ۱۹۲۹ء

دستخط صاحب جنیر ریونیو سکریٹری بہادر

روبکار اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

واقع ۱۶ اپریل سنہ ۱۹۲۹ء

ریاست کے جو صیغہ جات مین رجسٹر موجودات جاری ہیں جو سامان خارج ہوتا ہے اسکے خارجہ کا نوٹ

رجسٹر موجودات میں کیا جاتا ہے بعض صیغہ جات میں خارجہ پر دستخط افسر صیغہ نہیں ہوتے ہیں۔ لہذا حسب رپورٹ صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر باتفاق رائے جملہ سکریٹری صاحبان بہادر منظور کیا جاتا ہے کہ آیندہ سے رجسٹر موجودات میں وقت اخراج سامان بحوالہ حکم خارجہ افسر صیغہ کے دستخط نوٹ خارجہ پر ہوا کریں اور وقت جانچ آڈٹ نوٹ خارجہ پر دستخط افسر صیغہ کے معائنہ کرتے جایا کریں۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ یک ایک نقل جملہ سکریٹری صاحبان بہادر صاحب برگیڈ کمانڈر بہادر۔ سردار صاحب ڈیوڑھی۔ کرنل محمد علیخان بہادر۔ منشی محمد داعلیخان کے پاس مرسل ہو۔ ایک نقل درج گزٹ کیجائے۔

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

حکم اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

جملہ صیغہ جات کو حسب ضابطہ اطلاع دیجائے۔ ۲۰ اپریل سنہ ۱۹۲۹ء

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

روبکار اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم واقع ۲۹ اپریل سنہ ۱۹۲۹ء

مردم شماری سنہ ۱۹۳۱ء کا زمانہ قریب ہے۔ خان۔ سید زین الدین صاحب بہادر جونیر ریونیو سکریٹری بہادر کو چیف سینس افسر مقرر کیا جاتا ہے۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ایک نقل درج گزٹ ہو۔

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

احکام اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

اضافہ

۲ مئی سنہ ۱۹۲۹ء

مثل یادداشت صاحب سینیر ریونیو سکریٹری بہادر۔ دربارہ اضافہ یکروپیہ ماہوار در تنخواہ محمد سعید خان رسالدار جسکے متعلق بہ تجویز منظور ہوئی تھی کہ بشرط پسندیدگی خدمات عہدہ رسالداری اضافہ ہوکر نہائی تنخواہ ۔ ماہوار کردیجائیگی۔ اب رسالدار صدر کو ۔ ماہوار تنخواہ مل رہی ہے۔ آخری جانچ ۹ اپریل سنہ ۱۹۲۸ء کو ہوا ہے۔

حکم

حسب صراحت رپورٹ بموجب اسکیم منظور شدہ محمد سعید خان رسالدار کی موجودہ تنخواہ میں ۹ اپریل سنہ ۱۹۲۹ء سے ایکروپیہ ماہوار اضافہ منظور ہے۔ کاغذات بغرض اجراء احکام صاحب سینیر ریونیو سکریٹری بہادر کے پاس مرسل ہوں

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

حکم اجلاس صاحب سینیر ریونیو سکریٹری بہادر

بتعمیل حکم بندگان عالی حضور معلے دام اقبالہم وملکہم احکام ضابطہ جاری ہوں۔ امسال آمد محافظ خانہ صدر واپس ہوں۔ اور حکم ۳۰ اپریل کے عدم تعمیل کی وجہ دریافت ہو ۹ مئی سنہ ۱۹۲۹ء

دستخط صاحب سینیر ریونیو سکریٹری بہادر

اضافہ

۲ مئی سنہ ۱۹۲۹ء

مثل رپورٹ صاحب سینیر ریونیو سکریٹری بہادر دربارہ کمی یکروپیہ ماہوار در الاؤنس عبدالرحمن خان نائب رسالدار صدر و اضافہ یکروپیہ در تنخواہ عزیزالرحمن خان مذکور۔

حکم

حسب صراحت رپورٹ بموجب اسکیم منظور شدہ عزیزالرحمن خان نائب رسالدار صدر کا ایکروپیہ ماہانہ الاؤنس مسدود ہوکر ایکروپیہ ماہانہ اضافہ تنخواہ میں منظور ہے۔ آیندہ ۔ ماہانہ تنخواہ ملیگی۔ الاؤنس کچھ نہ ملیگا۔ کاغذات بغرض اجراء احکام صاحب سینیر ریونیو سکریٹری بہادر کے پاس مرسل ہوں۔

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

حکم اجلاس صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

بتعمیل حکم بندگان عالی حضور معلے دام اقبالہم وملکہم احکام ضابطہ جاری ہوں ۱۰ مئی سنہ ۱۹۲۹ء

دستخط صاحب سینیر ریونیو سکریٹری بہادر

روبکار اجلاس صاحب سینیر ریونیو سکریٹری بہادر واقع ۲۷ اپریل سنہ ۱۹۲۹ء

ہر سال دیہات میں آتشزدگی کی شکایات کثرت سے سنی جاتی ہیں چنانچہ موضع بہوٹ تعلقہ تحصیل سوار کے متعلق (جو ایک بڑا آباد موضع ہے) مولوی محمد حبیب خان صاحب نے مفصل رپورٹ دربارہ حالات پیش کی ہے جس میں انہوں نے کچھ انسدادی تدابیر ظاہر کی ہیں جن سے دیگر صاحبان نے بھی اتفاق کیا ہے۔ لہذا حسب ذیل حکم جاری کرکے تحصیلدار صاحبان کو ہدایت کی جاتی ہے کہ اپنے اپنے علاقہ میں اعلان کرکے اور وہاں بذریعہ زبان کے ذریعہ سے کاشتکاران کو سمجھا کر ان کو آمادہ کریں اور ترغیب دلائیں کہ وہ اپنے اپنے مسکونہ مکانات میں انسداد آتشزدگی کی تدابیر جاری کریں۔ اور ایسی تدابیر کے عادی ہوں۔

(۱) بالعموم چھپروں کے گھروں میں جو روٹی پکانیکا گھر ہو اس میں چولہا چھت سے

دکھ نہ بنایا جائے بلکہ پاکھ کے بیچ وسط میں بنایا جائے کیونکہ پاکھ کا وسطی حصہ
بلند ہوتا ہے اور اوسکے ہوئے شعلے چھپر تک کم پہونچ سکتے ہیں
(۲) تا بقدور روٹی پکانے کو گھر اسباب رکھنے والے گھر سے علیحدہ رکھا جائے
(۳) اور اگر ایسا نہ ہوسکے تو روٹی پکانے کی نسبت یہ کوشش کیجائے کہ اوس کی چھت مٹی سے
بنی ہوئی قایم کرکے بنائی جائے یا روٹی کے پکانے کا مکان کا ٹھاٹھ مٹی کے لوندے
کا ایسا بنایا جائے جس میں آگ کا اثر نہ ہوسکے۔ روٹی پکانے کے مکان کو اوپر کے چھاؤ
یا اور ایسی چیز و اگر جب بارش کا بس آسانی ہوسکے چڑھا کر پھر اون چھانوں کو
نکال لیا جائے تاکہ وہ مکان مٹی کی چھت کا آگ کے اندیشے سے محفوظ ہوجائے
(۴) الاؤ جو بالعموم دیہات میں ہر کاشتکار کے گھروں اور چوپالوں میں ہوتے ہیں
گول اور گہری کھود کر تیار رکھے جائیں اور ان کے اوپر کے سرپوش بطور چھاں
جیسے کہ گاؤں والے بنالیتے ہیں اون پر رکھی رہا کریں بوقت ضرورت چلم بھرنے
وغیرہ کے اوس میں سے آگ لیکر پھر فوراً اوسے سرپوش سے ڈھک دے جایا کریں
تاکہ آگ کے منتشر اور مشتعل ہونیکا اندیشہ نہ رہے۔
(۵) سوکھی گھاس پھوس کا بلند شعلہ اٹھانیوالا الاؤ مشتعل نہ کیا جائے۔
(۶) تیز ہوا کے شروع ہوتے ہی ہر گھر کے ساکنان کا فرض ہوگا کہ فوراً آگ پر
پانی ڈال کر بجھا دیا کریں یا اس طرح اس کو داب اور ڈھک دیا جائے کہ وہ
اوڑنے نہ پائے۔
(۷) اپلوں کے ڈھیر یا بھوسے کے بونگے یا پولا کباڑ کے انبار گھروں سے
ملاکر نہ لگائے جائیں بلکہ اس قدر فاصلے سے رکھے جائیں جن میں خدانخواستہ
آگ لگ جانے سے آبادی میں پہونچنے کا اندیشہ نہ ہو۔
(۸) چلم کی آگ لوٹ دینے میں یا چلم کے جھاڑنے میں کافی احتیاط رکھی جائے اور
لوٹی ہوئی چلم کی آگ بجھا دی جائے۔
(۹) ایک گھر سے دوسرے گھر میں آگ لیجاتے میں بہت احتیاط رکھی جائے اور
ہوا کے وقت کھلی ہوئی آگ نہ لیجائی جائے بلکہ کسی بند برتن میں رکھکر لیجائی جائے
(۱۰) اور کہیں کہیں ایسا بھی سنا جاتا ہے کہ بعض عورات یا مرد کسی مذہبی خیال سے
عمداً خفیہ طور پر آگ لگا دیتے ہیں۔ اگر کسی گاؤں میں آگ لگے تو پدھان و کاشتکار
اس بابت بھی تحقیق کیا کریں اور اگر کسی شخص کی نسبت ثابت ہوجائے کہ اوس نے
عمداً آگ لگا دی ہے تو اوس کو سزا کرائی جائے جس سے آیندہ کو انسداد ہو۔
(۱۱) ہر کاشتکار جس کے چھپروں کے گھر ہوں اپنے صحن مکان میں کچھ گھڑے
پانی کے بھرے ہوئے رکھا کریں تاکہ آگ شروع ہوتے ہی فوراً اوسکے بجھانے کو
پانی تیار رہا کرے۔
(۱۲) بعد روٹی پکانے کے چولھے کی آگ بجھا دی جائے۔ اور چونکہ مٹی کے تیل کی
ڈبیا جلانا دیہات میں زیادہ تر رائج ہے۔ لہذا اوس کا ڈبیدان بھی (رکھنا چاہئے؟)

چھت یا آتشدان کی بھی جو زیادہ تر بنائے جاتے ہیں۔ چھپر کا پھونس قریب ہو۔ یکایک
محفوظ طاق مٹی کا بنا کر اوس میں ڈبیہ جلائی جائے جس میں اگر روشنی بھڑکے تاہم
تو اوس مٹی کے طاق سے اوپر اوس کا اثر چھپر تک نہ پہونچے۔
ایک ایک نقل اس روبکار کی جملہ تحصیلداران کے پاس مرسل ہو کر ہدایت کیجائے کہ اعلان
کرکے اسکی نقل آویزاں پٹواریان کرادیں اور ایک نقل واسطے اندراج گزٹ
مطبع کو مرسل ہو۔ بعد ازاں احکام مثل روبکار ہذا داخل دفتر رہے۔
دستخط صاحب منیجر ریونیو سکریٹری بہادر

احکام اجلاس صاحب منیجر ریونیو سکریٹری بہادر

رخصت

۷ مئی ۱۹۲۹ء

ثبت تحریر حاکم صاحب صدر دربار در منظوری رخصت منشی علیخان
صدر از ابتدا ۷ مئی سنہ حال تعدادی
یکماہ بعوض محمد امیدوار بغرض جانے تنخواہ حقیقی
سے دس روپیہ عوض پائیگا اور صرف پائیگا۔

حکم

ملاحظہ ہوا۔ حسب رپورٹ حاکم صاحب صدر و سررشتہ دار صاحب صدر رخصت یکماہ
منشی علیخان صدر تحصیل بلاسپور کی منظور ہے۔ احکام ضابطہ جاری ہوں
دستخط صاحب منیجر ریونیو سکریٹری

رخصت

۸ مئی ۱۹۲۹ء

ثبت تحریر حاکم صاحب صدر دربار در منظوری رخصت
پندرہ یوم قاضی سلیم الحق نائب تحصیلدار حضور تحصیل
از یوم استفادہ۔

حکم

رخصت مشمولہ پندرہ یوم قاضی سلیم الحق نائب تحصیلدار حضور تحصیل حسب رپورٹ
تحصیلدار صاحب و حاکم صاحب صدر منظور ہے۔ احکام ضابطہ جاری ہو
دستخط صاحب منیجر ریونیو سکریٹری بہادر

احکام اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

مستقلی و اضافہ

۲۹ اپریل ۱۹۲۹ء

صفدر علیخان مدرس اول مدرسہ گہیر سیف الدین خان بخدمت مدرسی اول غیر مستقل ہے اسکو [illegible] تنخواہ اور ۲ الاونس مل رہا ہے۔ اور سید امتیاز حسین مدرس دوم مدرسہ مذکور کا کام سال گذشتہ خراب تھا تا حکم ثانی اسکا [illegible] ماہوار تنزل کیا گیا تھا وہ [illegible] ماہوار تنخواہ پا رہا ہے۔ اب چونکہ اس مدرسہ کی حالت ٹھیک ہے اور مدرسین کا کام بھی برا نہیں ہے۔ لہذا صفدر علیخان مدرس کا الاونس شامل تنخواہ کرکے اسکو مستقل مدرس اول مقرر کیا گیا۔ آیندہ [illegible] تنخواہ پائیگا۔ اور سید امتیاز حسین مدرس دوم کا تنزل معاف کیا گیا۔ آیندہ وہ [illegible] ماہوار تنخواہ پائیگا۔ لہذا حکم ہوا کہ حکم ہذا برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو۔

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

مستقلی و اضافہ

۲۹ اپریل ۱۹۲۹ء

مدرسہ بازار نصراللہ خان کے مدرس اول سید شجاعت علی کو [illegible] تنخواہ اور [illegible] روپیہ الاونس مل رہا ہے اور وہ غیر مستقل مدرس اول ہے۔ واجد علیخان مدرس دوم مدرسہ مذکور غیر مستقل ملازم ہے اور [illegible] ماہوار تنخواہ پا رہا ہے یہ دونوں مدرس اس مدرسہ میں ۱۹ اگست ۱۹۲۴ء سے مامور ہوئے ہیں۔ بمقابلہ سابق مدرسہ میں طلبا کی تعداد بھی بہت ہے اور نتیجہ امتحان بھی اچھا ہے۔ لہذا سید شجاعت علی کا الاونس تنخواہ میں شامل کرکے اسکو مستقل مدرس اول مقرر کیا جاتا ہے۔ آیندہ [illegible] ماہوار تنخواہ پائیگا۔ اور واجد علیخان مدرس دوم مدرسہ مذکور کی تنخواہ میں ایک روپیہ ماہوار اضافہ کرکے یکم مئی ۱۹۲۹ء سے نامبردہ کو ملازمت پر مستقل کیا گیا۔ لہذا حکم ہوا کہ حکم ہذا برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو۔

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

تقرر

۳۰ اپریل ۱۹۲۹ء

مدرسہ بھوٹ بقال تحصیل سوار میں تعداد طلبا زائد ہوگئی ہے۔ بالفعل علاوہ مدرس قرآن شریف کے اس مدرسہ میں تین مدرس ہیں۔ مدرس اول نے تین مدرسین جدید کے اضافہ کی رپورٹ کی ہے۔ مگر تعداد طلبا اور درجات کے اعتبار سے دو مدرسین بڑھانا کافی معلوم ہوتا ہے۔ ایک مدرس مڈل پاس اور پرائمری پاس اس مدرسہ میں اور مامور کیے جائیں۔ نوٹ منظور شدہ اجلاس ہمایوں میں گنجائش ہے۔ بنظر ان دو مدرسین کے ایک جس امیدوار کا تقرر بشرط امتحان برائے چھ ماہ کیا گیا۔ مڈل پاس مدرس امیدواروں میں منتخب کرکے سررشتہ انسپکٹری سے رپورٹ آنا چاہیے۔ لہذا حکم ہوا کہ حکم ہذا برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو۔

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

منسوخی تبادلہ

۳۰ اپریل ۱۹۲۹ء

عبدالحق نائب مدرس مدرسہ بھوٹ بقال پرگنہ سوار کا تبادلہ جو بمدرسہ مہوناگر تحصیل [illegible] کیا گیا ہے۔ حسب رپورٹ مدرس اول بھوٹ بقال منسوخ کیا گیا۔ لہذا حکم ہوا کہ نقل حکم برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو۔

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

احکام اجلاس صاحب جونیر ریونیو سکریٹری بہادر

اضافہ

۲۹ اپریل ۱۹۲۹ء

مسل بنا رپورٹ سررشتہ دار صاحب صدر دربارہ اضافہ تنخواہ منشی نیاز حسین خان اہلمد محافظ خانہ بلا رپورٹ کلکٹر و کمشنر

نیاز حسین خان اہلمد محافظ خانہ صدر [illegible] تنخواہ پاتا ہے۔ ۱۱ مئی ۱۹۲۱ء کو مستقل ملازم ہوئے جسکو دو سال پورے ہونے والے ہیں۔ بلحاظ ملازمت جدید کے زیادہ مستحق اضافہ نہیں لیکن سررشتہ دار صاحب تحریر کرتے ہیں کہ کام کی کثرت ہے اور بجٹ سے [illegible] سابق جانشین [illegible] تنخواہ پاتا تھا اگر سائل کا تقرر [illegible] پر ہوا معرفت میں لحاظ سے پہلے اہلمد کی [illegible] تنخواہ تھی۔ اور سائل کام اچھا کر رہا ہے۔ حکم ہوا کہ ایک روپیہ اضافہ نیاز حسین خان اہلمد کی تنخواہ میں یکم مئی ۱۹۲۹ء سے کیا جائے۔ احکام جاری ہوں۔

دستخط صاحب جونیر ریونیو سکریٹری بہادر

رخصت

۲ مئی ۱۹۲۹ء

مسل بنا رپورٹ سررشتہ دار صاحب صدر دربارہ منظوری رخصت یکماہی غلام سرور خان اہلمد محافظ خانہ محالات پرگنہ ٹانڈہ بعوض غلام قادر خان پسر شان۔ اور سید اکرام علی اہلمد سوار کام کی نگرانی رکھیں گے۔

حکم

باتفاق رپورٹ سررشتہ دار صاحب صدر غلام سرور خان اہلمد کی رخصت ایک ماہ بعوض غلام قادر خان پسر و اپنے شخص صدر منظور کیجاتی ہے۔ کل تنخواہ غلام قادر خان کو ملیگی احکام جاری ہوں۔

دستخط صاحب جونیر ریونیو سکریٹری بہادر

سرکاری پریس ریاست رامپور میں چھپکر شائع ہوا

نقشہ نرخنامہ اجناس ریاست رامپور

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ملک	بلاسپور	سوار	ٹانڈہ	کیفیت
گندم							نقشہ صدر سے نہیں آیا
نخود خالص							
نخود گندم آمیز							
گنہ							
ماش							
مونگ							
مکا							
جئی							
کودھی							
عدس							
ارہر							
برنج							
روغن زرد							
روغن سیاہ							
روغن کنجد							
نمک سانبھر							
نمک لاہوری							
قند سیاہ							
باجرہ							

نقشہ گوشوارہ حیات و ممات متعلقہ ریاست رامپور سہ ماہی دوئم من ابتدا جنوری لغایت مارچ ۱۹۲۶ء

نام	تفصیل پیدائش: مرد		عورت		میزان	تفصیل مذہب		تفصیل فوتی: ایک سال سے ۵ سال تک		پانچ سال سے ۱۲ سال تک		۱۲ سال سے زیادہ		میزان		تفصیل مذہب		تفصیل امراض							[illegible]	کیفیت
۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۱۱	۱۲	۱۳	۱۴	۱۵	۱۶	۱۷	۱۸	۱۹	۲۰	۲۱	۲۲	۲۳	۲۴	۲۵	۲۶	۲۷
کوٹی	۸۵	۲۲	۴۲	۱۹	۱۶۵	۱۲۷	۳۸	۲۲	۲۰	۲	۵	۶۴	۶۰	۸۹	۸۵	۱۱۹	۵۵	۰	۳	۰	۱۶۱	۰	۰	۰	۱۶۴	
گنج	۵۱	۸	۳۰	۴	۹۲	۸۱	۱۲	۲۴	۱۶	۱	۱	۲۲	۲۸	۵۸	۵۵	۱۰۳	۱۰	۰	۱۶	۰	۹۷	۰	۰	۰	۱۱۳	
دواپہ نگر	۴۳	۵۷	۳۹	۳۵	۱۶۴	۹۳	۹۲	۱۳	۹	۳	۱	۱۲۲	۳۲	۶۶	۳۲	۴۵	۴۹	۰	۰	۰	۹۴	۰	۰	۰	۹۴	
ظفر نگر	۴۸	۴۷	۳۸	۳۰	۱۵۳	۸۶	۶۷	۳۳	۱۱	۶	۳	۳۴	۴۶	۹۳	۶۱	۸۴	۷۰	۰	۰	۰	۱۵۴	۰	۰	۰	۱۵۴	
شاہ آباد	۳۳	۸۴	۲۱	۶۸	۲۱۶	۵۴	۱۶۲	۳۲	۱۹	۱۲	۱۲	۵۶	۴۵	۱۰۱	۷۷	۷۳	۱۰۵	۰	۰	۰	۱۲۰	۰	۰	۵۸	۱۷۸	
پٹوائی	۲۵	۹۶	۱۸	۴۷	۲۱۳	۴۴	۱۶۰	۱۸	۱۵	۲	۲	۳۲	۳۶	۴۷	۵۲	۱۶	۸۳	۰	۰	۰	۹۹	۰	۰	۰	۹۹	
ملک	۳۱	۱۴۰	۱۳	۱۶۱	۳۵۵	۴۴	۲۱۰	۲۱	۲۲	۷	۱۴	۸۹	۵۴	۱۶۷	۷۹	۳۷	۱۲۹	۰	۰	۲۱۴	۲	۰	۰	۰	۲۱۶	
بلاسپور	۳۰	۱۹	۱۷	۸	۶۴	۳۷	۴۶	۴۸	۱۹	۵	۱۷	۱۲	۶۵	۱۶۷	۱۰۱	۱۶۷	۱۰۰	۰	۰	۲۶۵	۲	۰	۰	۰	۲۶۷	
کیمری	۳۶	۷۷	۱۵	۵۵	۸۶	۵۱	۱۴۶	۱۸	۱۴	۵	۴	۶۴	۳۶	۹۶	۵۶	۷۱	۸۲	۰	۰	۱۵۲	۱	۰	۰	۰	۱۵۲	
سوار	۲۳	۴۰	۱۵	۱۳	۹۱	۳۸	۵۲	۱۸	۱۶	۱۲	۷	۲۸	۴۳	۱۰۸	۹۶	۱۰۵	۸۹	۰	۳	۰	۱۵۳	۰	۰	۴۶	۱۹۹	
ٹانڈہ	۶۲	۴۰	۳۴	۴۴	۱۶۹	۱۰۵	۶۴	۳۱	۲۵	۷	۹	۸۱	۵۵	۱۰۹	۹۸	۱۲۶	۹۱	۱	۰	۰	۱۸۹	۰	۰	۱۷	۲۰۷	
میزان	۲۵۷	۷۵۰	۲۹۱	۴۴۳	۱۸۹۰	۷۸۹	۱۱۰۲	۲۷۹	[illegible]	۷۰	۸۳	۶۴۳	۵۱۱	۱۰۰۸	۷۷۲	۹۴۶	۹۰۲	۱	۲۳	۶۳۱	۱۰۰۳	۰	۰	۹۱	۱۸۲۵	